http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر سید علی منصور

جلد : 23 | 15 ذی الحجہ 1447ھ پیر 01 جون 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 359

وزیر اعظم

عوام کو ریلیف دینا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے

وفاقی حکومت نے سخت ترین حالات میں بھی عوام کے لیے ریلیف کا سلسلہ جاری رکھا، پبلک، گڈز ٹرانسپورٹ اور موٹر سائیکل اور رکشہ استعمال کرنے والوں کیلئے فیول پر سبسڈی دی، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے ہفتے بھی عوام کو ریلیف دیا گیا اور پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کی گئی۔ شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی حکومت نے سخت ترین حالات میں بھی عوام کے لیے ریلیف کا سلسلہ جاری رکھا، پبلک، گڈز ٹرانسپورٹ اور موٹر سائیکل اور رکشہ استعمال کرنے والوں کیلئے فیول پر سبسڈی دی، خیال رہے کہ حکومت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

"سندور 2.0" کا تصور عسکری ضرورت سے زیادہ سیاسی تقاضوں کا عکاس دکھائی دیتا ہے

بھارتی آرمی چیف کا سندور 2.0 کے حوالے سے بیان

اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کی کوشش

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) معرکہ حق میں پاکستان کے ہاتھوں ہزیمت اور اپنے سیاسی عزائم میں ناکامی کے بعد بھارت نے پاکستان مخالف بیانیوں کا سہارا لینا شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کے بڑھتے ہوئے عالمی تشخص اور بھارت کی مسلسل سفارتی ناکامیوں کے تناظر میں بھارتی آرمی چیف کا سندور 2.0 کے حوالے سے بیان یہ سوال اٹھاتا ہے کہ کیا یہ سیاسی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

پاکستان میں محرم کے چاند کی رویت سے

متعلق پیشگوئی کر دی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) رویت ہلال رصد گاہ کونسل نے پاکستان میں محرم الحرام کے چاند سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ رویت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

پاک-امریکا مخلصانہ دوستی فروغ پا رہی ہے

امریکی وزیر دفاع وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کا کردار قابل تعریف ہے

امریکا اور پاکستان کے درمیان غیر متوقع پیش رفت اور حقیقی دوستی فروغ پا رہی ہے جو میرے خیال میں اہمیت کی حامل ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں بہتری اس چیز سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کشیدگی ختم کرکے امن قائم کرنے میں مدد فراہم کی تھی، پیٹ ہیگسیتھ

واشنگٹن، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکا کے وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران، امریکا جنگ میں امن کے لیے کردار ادا کرنے پر وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان مخلصانہ دوستی فروغ پا رہی ہے۔ سنگاپور میں تین روزہ سکیورٹی سیشن میں بات کرتے ہوئے امریکی وزیر جنگ کانفرنس شانگری۔ لا (ایشیا کے سالانہ سیکیورٹی سمٹ) میں سوال وجواب کے دوران پیٹ ہیگسیتھ نے امریکا اور ایران کے درمیان امن مذاکرات کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا۔ امریکی وزیر دفاع نے متعلقہ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ امریکا کردار ادا کرنے پر وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

لاہور: وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سینئر صحافی لطاف حسن قریشی کے انتقال سے تعزیت کر رہے ہیں

ایرانی مسلح افواج قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھانے کی صلاحیت رکھتی ہیں اور کسی بھی خطرے کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ایران کی دفاعی قوت اور عسکری تیاری دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہے کہ ملک کے خلاف کسی بھی مہم جوئی کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے، ریئر ایڈمرل حبیب اللہ سیاری

تہران، بیروت، تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی مسلح افواج کے ایک سینئر کمانڈر نے خبردار کیا ہے کہ ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ سخت اور طاقتور انداز میں دیا جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی فوج کے نائب کمانڈر برائے رابطہ اور ریئر ایڈمرل حبیب اللہ سیاری نے اپنے بیان میں کہا کہ دشمن کو یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ ایران کی سرزمین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت کا جواب ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ شدید ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کی فوجی حرمت کی دشمنان کا روائی کا مقابلہ کرنے کے لیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

بیروت: اسرائیلی فوج کے بیوٹرز قصبہ پر قبضے کے بعد قلعے سے دھواں اٹھ رہا ہے



کراچی پانی کے بدترین بحران کی لپیٹ میں

شہری اذیت میں مبتلا، ٹینکر مافیا کی چاندی، حکمران خاموش

پاکستان کے معاشی حب اور دو کروڑ سے زائد آبادی والے شہر کراچی میں پانی کا بحران تاریخ کی بدترین سطح پر پہنچ گیا ہے، مگر سندھ حکومت، کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور دیگر متعلقہ ادارے تاحال مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں گزشتہ ایک ماہ سے پانی کی شدید قلت برقرار ہے جبکہ شہری شدید گرمی اور عیدالاضحیٰ کی آمد کے باوجود بنیادی ضرورت سے محروم ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں سے موصول ہونے والی شکایات کے مطابق دھابیجی واٹر سپلائی لائن میں خرابی اور اس کی مرمت مکمل ہونے کے باوجود پانی کی فراہمی معمول پر نہ آسکی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری دعووں کے برعکس نلکوں میں پانی نہیں پہنچ رہا جبکہ ٹینکر مافیا کی سرگرمیاں پہلے سے زیادہ تیز ہو چکی ہیں۔

عوامی حلقوں کا الزام ہے کہ کراچی میں پانی کی مصنوعی قلت پیدا کر کے ٹینکر مافیا کو کھلی چھوٹ دی گئی ہے، جس کے نتیجے میں صرف ایک ماہ کے دوران کروڑوں روپے کا کاروبار کیا گیا۔ کئی علاقوں میں ایک ایک ٹینکر ہزاروں روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے جبکہ غریب اور متوسط طبقہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ شہری سوال اٹھا رہے ہیں کہ اگر دھابیجی لائن کی مرمت مکمل ہو چکی ہے تو پھر کراچی کا پانی کہاں جا رہا ہے؟ آخر وہ کون سے عوامل ہیں جو ایک ماہ گزرنے کے باوجود پانی کی فراہمی بحال نہیں ہونے دے رہے؟ کیا شہر کے حصے کا پانی ٹینکر مافیا کے ذریعے فروخت کیا جا رہا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب کوئی ادارہ دینے کو تیار نہیں۔ ذرائع کے مطابق کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے بعض شعبوں خصوصاً پانی کی ترسیل اور تقسیم کے نظام پر بھی سنگین سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔

ذرائع کا دعویٰ ہے کہ کئی مواقع پر پانی مقررہ شیڈول کے مطابق فراہم کرنے کے بجائے کئی کئی گھنٹے تاخیر سے چھوڑا جاتا ہے، جس کے باعث شہری علاقوں تک پانی کی رسائی متاثر ہوتی ہے۔ اگر پانی رات 9 بجے فراہم ہونا ہے تو بعض رات 12 بجے تک تاخیر کیوں کی جاتی ہے؟ ان تین گھنٹوں کے دوران پانی کہاں جاتا ہے؟ شہریوں کا مطالبہ ہے کہ اس پورے نظام کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے۔ حیران کن امر یہ ہے کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر متعدد مرتبہ بجلی کی بندش اور فنی خرابیوں کے واقعات رپورٹ ہوئے۔ 30 مئی 2026 کو بھی کے الیکٹرک کے ٹرانسفارمر میں فنی خرابی کے باعث 21 میں سے 10 پمپنگ یونٹس بند ہو گئے اور کراچی کی پانی سپلائی ایک بار پھر متاثر ہو گئی۔

شہری سوال کرتے ہیں کہ آخر کراچی کے پانی کا نظام بار بار انہی خرابیوں کا شکار کیوں ہوتا ہے؟ اور اگر یہ خرابیاں معمول بن چکی ہیں تو متبادل انتظامات کیوں موجود نہیں؟ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سندھ حکومت، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور وفاقی ذمہ دار حکام کی خاموشی نے شہریوں کی تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شدید گرمی، پانی کی قلت اور عیدالاضحیٰ جیسے اہم موقع پر بھی عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے بیانات اور دعووں تک محدود رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے سندھ اسمبلی میں پانی کے بحران پر احتجاج اور پانی دو، پانی دو کے نعرے توسنائی دیتے ہیں، لیکن کراچی کے عوام کا کہنا ہے کہ اسمبلی کے اندر کی جانے والی سیاست سے زیادہ ضرورت عملی اقدامات کی ہے کیونکہ شہر کے لاکھوں شہری آج بھی پانی کی ایک ایک بوند کے لیے پریشان ہیں۔

شہریوں، سماجی تنظیموں اور مختلف حلقوں نے قومی احتساب بیورو (نیب) کراچی، سندھ، وفاقی تحقیقاتی ادارے اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں پانی کی قلت، ٹینکر مافیا کی غیر معمولی سرگرمیوں، پانی کی تقسیم کے نظام اور گزشتہ ایک ماہ کے دوران ہونے والے کروڑوں روپے کے کاروبار کی مکمل تحقیقات کی جائیں۔ کراچی کے عوام کا کہنا ہے کہ آگر فوری اور شفاف اقدامات نہ کیے گئے تو یہ بحران صرف پانی کی قلت تک محدود نہیں رہے گا بلکہ شہریوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد بھی مزید مجروح ہوگا۔ شہری پوچھ رہے ہیں کہ آخر کراچی کو اس کے حصے کا پانی کب ملے گا اور اس بحران کا ذمہ دار کون؟۔

نوجوان نسل کو تمباکو سے بچانا مشترکہ ذمہ داری ہے

وزیر اعلیٰ سندھ کا عالمی یوم انسداد تمباکو نوشی پر پیغام

سندھ حکومت کا مشن عوام کو صحت مند زندگی اور تمباکو سے پاک ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت مند سندھ کے وژن کے تحت کھیلوں، تفریحی سرگرمیوں اور مثبت طرز زندگی کو فروغ دیا جا رہا ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم انسداد تمباکو نوشی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تمباکو نوشی انسانی صحت کے لیے ایک خاموش قاتل ہے اور اس سے بچاؤ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تمباکو نوشی سے بچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ سندھ حکومت کا مشن عوام کو صحت مند زندگی اور مثبت طرز زندگی کو فروغ دینا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ صحت مند سندھ کے وژن کے تحت کھیلوں، تفریحی سرگرمیوں اور مثبت طرز زندگی کو فروغ دیا جا رہا ہے، سید مراد علی شاہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

ہم سب مل کر اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھ مضبوط کرینگے، صدر زرداری



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ ہم سب مل کر اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھ مضبوط کریں گے۔ مورد میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے صدر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

گلگت بلتستان انتخابات، پنجاب پولیس کی 5 ہزار سے زائد نفری بھیجنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گلگت بلتستان میں انتخابات کے دوران سکیورٹی کے لیے پنجاب پولیس نے 5 ہزار سے زائد نفری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

ایرانی مذاکرات میں کوئی جلدی نہیں، فوجی کارروائی کا آپشن موجود ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لیے کوئی جلدی میں نہیں ہیں بلکہ فوجی کارروائی ابھی بھی بطور آپشن موجود ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے فاکس نیوز کے ساتھ انٹرویو کے دوران کہا کہ ہم جو چاہتے ہیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

بھارتی S-400 دفاعی نظام کی تباہی، سربیا کے صدر نے بھی پاکستان کے موقف کی تصدیق کر دی

بلغراد (مانیٹرنگ ڈیسک) سربیا کے صدر نے معرکہ حق کے دوران بھارتی S-400 دفاعی نظام کی تباہی کے پاکستانی مقف کی تصدیق کر دی۔ معرکہ حق میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کی ذلت آمیز پسپائی جاری ہے اور اب سربیا کے صدر نے بھارتی ایس 400 دفاعی نظام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

آئی ایم ایف کی حکومت کو GST بڑھا کر 19 فیصد کرنے کی تجویز

آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال کے دوران اوسط مہنگائی تقریباً 8.4 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے، آئی ایم ایف کا مشن ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کیلئے کوئی اور موثر تجاویز پیش کرنے میں ناکام رہا اور موجودہ تمام آپشنز استعمال کرنے کے بعد اس نے جی ایس ٹی کی شرح بڑھانے کی تجویز پیش کی، جس کی پاکستانی حکام مزاحمت کر رہے ہیں، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے حکومت پاکستان کو تجویز دی ہے کہ مالی سال 27-2026 کے بجٹ میں جنرل سیلز ٹیکس (GST) کی معیاری شرح 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کی جائے۔ تاہم پاکستانی حکام اب تک اس تجویز کی سخت مخالفت کر رہے ہیں اور ان کا موقف ہے کہ اس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا، جی ایس ٹی میں اضافے سے سیلز ٹیکس، الیکٹرک کاریں مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے 15 کھرب روپے سے زائد ٹیکسوں، ریونیو ہدف کے حصول اور رواں مالی سال کے ٹیکس شارٹ فال کو پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف نے جی ایس ٹی کی موجودہ شرح 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کرنے کی تجویز دی ہے اس پر عملدرآمد کی صورت میں ملک میں مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا جب کہ الیکٹرک گاڑیوں اور سولر پینلز پر ٹیکس عائد کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاریوں میں حکومت مختلف تجاویز پر کام کر رہی ہے، آئی ایم ایف کی تجویز پر الیکٹرک ڈیمکو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ٹھوس نتائج کے بغیر امریکا سے کوئی ڈیل نہیں ہوگی، قالیباف کا دوٹوک اعلان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ کسی بھی معاہدے کو اس وقت تک قبول نہیں کرے گا جب تک اس کے ٹھوس اور عملی نتائج سامنے نہ آ جائیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق محمد باقر قالیباف نے یہ بات پارلیمنٹ کے ایک اور چوٹی اجلاس سے خطاب کے دوران کہی۔ اس اجلاس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

حکومت کا بجلی صارفین کے میٹرز کیو آر کوڈ سے منسلک کرنے کا فیصلہ



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے تمام بجلی صارفین کے میٹرز کو کیو آر کوڈ سے منسلک کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے کہ حق دار صارفین کو سبسڈی ملتی رہے گی۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ بجلی چوری پر سبسڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

فلسطینی ریاست تسلیم کرکے اسرائیل بھی علاقائی اتحاد کا حصہ بن سکتا ہے، ترکیہ کا بڑا اعلان

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان نے کہا ہے کہ اگر اسرائیل 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر ایک آزاد فلسطینی ریاست کو تسلیم کرلے تو اسے خطے کے ممالک پر مشتمل ایک مشترکہ علاقائی تعاون پلیٹ فارم میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

لاڑکانہ، شہید پولیس اہلکار محمد وارث ناریجو کی نماز جنازہ ادا، IG سندھ نے رپورٹ طلب کرلی

کراچی (رپورٹ عامر صابر) قلندر راجپوت رکی حدود میں دوران ریڈ مسلح ملزمان کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکار محمد وارث ناریجو کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

لاڑکانہ میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کے واقعے کا وزیر داخلہ سندھ نے نوٹس لے لیا

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) وزیر اعلیٰ سندھ ضیاالحسن لنجار نے لاڑکانہ میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے پولیس اہلکار کی شہادت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

ہاکس بے کی تاریخی پہاڑی اور اراضی کی بندر بانٹ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، ستار فاروق

ڈائریکٹر لینڈ، ڈائریکٹر پارکس اور پی سی ایچ ایس انتظامیہ کے خلاف فوری طور پر نیب میں مقدمہ درج کر کے گرفتار کیا جائے

سندھ کی کرپٹ وڈیرہ شاہی حکومت نے 18 برسوں میں کراچی کو قبضہ مافیا اور لینڈ گریبرز کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، کلفٹن لیلی برج پر غیر قانونی الاٹمنٹ پر جماعت اسلامی کی بھرمانہ خاموشی شرمناک ہے، ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنماؤں ڈاکٹر فاروق ستار، سید امین الحق، وسیم اختر اور اراکین اسمبلی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (رپورٹ فراز حسین) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار، سید امین الحق، سابق میئر کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

شکارپور میں سولر شارٹ سرکٹ سے آگ لگ گئی

شکارپور (اسٹاف رپورٹر) شکارپور کے دادو نمبر 4 میں سولر سسٹم میں شارٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

سندھ میں پانی کی قلت پر سندھ حکومت کا سارے رویے پر احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے موسمے میں پانی کی مسلسل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

ایکسپریس وے کے قریب ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل 2 افراد جاں بحق

دونوں افراد کی لاشیں قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیر قائد میں لیاری ایکسپریس وے پر سہراب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

لاڑکانہ: پولیس مقابلے میں شہید ہونے والے اہلکار محمد وارث نارجو کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

ہاکس بے اور دیگر شہری املاک کا تمام ریکارڈ عوام کے سامنے لایا جائے

جماعت اسلامی

کراچی کی ایک ایک انچ زمین عوام کی امانت ہے، اس کا تحفظ ضروری ہے، ایم کیو ایم کراچی کے نکڑوں پارک بڑپ کرگئی اب پی پی یہی کام کررہی ہے، کراچی کے مختلف علاقوں سے آلائشوں، کچرے کی شکایات موصول ہوتی رہیں، ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان جماعت اسلامی کراچی کا کہنا ہے کہ ملی پارک، دیگر شہری املاک کا تمام ریکارڈ عوام کے سامنے لایا جائے، مرتضیٰ وہاب واضح بتائیں اگر ملی پارک کی زمین ہے تو کے ایم سی نے این او سی کیوں دی؟۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی پریس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

منسوخ رجسٹریشن اسکول کو کھلا رکھنے پر اظہار تشویش

گزشتہ ماہ انتظامی غفلت کے باعث ایک طالبہ چوتھی منزل سے گر کر جاں بحق ہوگئی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن کے ممتاز سماجی کارکن، ماہر تعلیم اور جنیئر مین "مدی لیڈرز" پیرویز عالم المعروف لیش خان نے اورنگی ٹاؤن کیول کالونی سیکٹر 3 ایف قائم گنج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

والدین اپنے بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں، انتظامیہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کمشنر کراچی کی جانب سے سکھیویر جب کینال میں نہانے پر عائد پابندی پر عملدرآمد کے لیے انتظامیہ اور پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ روز مہی پولیس نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

دفعہ 144 بے اثر؟ پابندی کے باوجود جب کینال پر ہزاروں افراد کا رش، انتظامیہ بے بس

متعلقہ ادارے جب کینال پر عائد پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرائیں تاکہ ممکنہ حادثات اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع سے بچا جاسکے، شہری حلقوں کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں کی جانوں کا تحفظ کے لیے جب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کراچی: ایکسپریس وے پر ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شاہراہ فیصل پر ایکسپریس وے پر ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں موٹر سائیکل سوار زخمی ہوگیا۔ زخمی کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

ایم کیو ایم اپنی سیاست زندہ کرنے کی ناکام کوشش کررہی ہے

شرجیل میمن

کراچی کسی ایک جماعت کی جاگیر نہیں بلکہ پاکستان کا معاشی مرکز ہے، جو عناصر ترقی کے ہر قدم پر تنقید کو اپنا سیاسی ہتھیار بناتے ہیں، وہ دراصل خود اپنے سیاسی زوال کا اعتراف کررہے ہوتے ہیں، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پر بنیاد الزامات اور پرانی فرسودہ کہانیوں کے سہارے اپنی سیاست زندہ کرنے کی ناکام کوشش کررہی ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے شرجیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

نیو کراچی صرافہ بازار کے قریب مکان سے 50 سالہ خاتون کی لاش برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی صرافہ بازار مکان نمبر L287 سے ایک خاتون کی 2 روز پرانی لاش برآمد ہوئی۔ لاش کی اطلاع پر پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر متوفیہ خاتون کی لاش کو اسپتال منتقل کیا جہاں پر متوفیہ کی شناخت 50 سالہ رشمہ دختر عابد حسین کے نام سے ہوئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

غربت اور معاشرے پر اسکے اثرات پر آگاہی سیشن کا انعقاد

جامعہ کراچی اور ایم زیڈ ایم ویلفیئر سوسائٹی کے طلبہ اور اساتذہ کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی اور ایم زیڈ ایم ویلفیئر سوسائٹی کے طلبہ کی جانب سے غربت اور معاشرے پر اسکے اثرات کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

ڈیفنس میں 2 گاڑیوں کے درمیان تصادم میں ایک شخص جاں بحق، غیر ملکی سمیت 5 افراد زخمی

حادثے میں جاں بحق ہونے والا شہری اور زخمی خواتین سمیت 4 افراد کو رلا گا دی میں سوار تھے جبکہ زخمی شہری میکسم روی قوصیلٹ کا ملازم ہے، ایس ایچ او

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس میں 2 گاڑیوں کے درمیان تصادم کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی: مشتبہ ڈکیت کا فائرنگ سے زخمی ہونا، ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شاہراہ فیصل پر مشتبہ ڈکیت کا فائرنگ سے زخمی ہونا، ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ ملزم کے قبضے سے ایک پستول برآمد کرلیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

کراچی، مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 7 ملزمان گرفتار

زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور جرائم پیشہ افراد کے درمیان ہونے والے سینہ مقابلوں کے دوران 6 زخمیوں سمیت 7 ملزمان کو گرفتار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کورنگی عوامی کالونی میں خواتین نے دکان پر ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی

واردات کی اطلاع پر عوامی کالونی تھانے کی پولیس موقع پر پہنچی اور ڈاکوؤں کا پیچھا بھی کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیر قائد کے کورنگی میں خواتین نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی، کورنگی نمبر 6 مارکیٹ کے قریب دکان میں ڈکیتی کی نیت سے آئے ملزمان خواتین کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

نوشہرو فیروز میں مختلف حادثات میں 2 خواتین سمیت چار افراد جاں بحق

نوشہرو فیروز (نیوز رپورٹ) نوشہرو فیروز میں مختلف حادثات میں دو خواتین سمیت چار افراد جاں بحق، بچے سمیت دو افراد شدید زخمی ٹشو پلنگ حالت میں اسپتال منتقل، مہران بائی دے پر تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل سوار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ملیر کینٹ روڈ پر خوفناک ٹریفک حادثہ، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

فوٹیج میں کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل پر آتے دیکھا جاسکتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر چیک پوسٹ نمبر 6 ایم ایم حامد روڈ پر پیش آنے خوفناک ٹریفک حادثے کی سی سی ٹی فوٹیج سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق بتتے کی شب ملیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

روضہ رسول ﷺ پر حاضری میری زندگی کی عظیم سعادت ہے، گورنر سندھ

کراچی + مدینہ منورہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد زبیر شاہ نے مدینہ منورہ میں روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی ہے، گورنر سندھ نے مسجد نبوی ﷺ میں نوافل ادا کیے اور بارگاہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

عبدالباسط سومرو کا قتل سندھ میں نظامِ انصاف کے مردہ ہونے کا ثبوت ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے گلستان جوہر بلاک 8 سگمی چوک میں مسلح افراد کا جماعت اسلامی کے امیدوار رکن صدیق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

افراد کے روزگار کا ذریعہ بن گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ورلڈ ملک ڈے، دیری شعبہ ایک ارب سے زائد افراد کے روزگار کا ذریعہ بن گیا۔ دنیا بھر میں آج یکم جون کو ورلڈ ملک ڈے منایا جارہا ہے۔ اس عالمی دن کا مقصد دودھ کی غذائی اہمیت، انسانی صحت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی: پاکستان ریلوے کے چیف سے ریلوے کی زمین پر غیر قانونی تجاوزات کو مسمار کیا جارہا ہے

سندھ میں انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی تازہ ترین ریڈ بک جاری

سی ٹی ڈی کی تازہ ترین تفصیلات شامل کی گئی ہیں، سی ٹی ڈی حکام

نئی ریڈ بک میں مختلف کالعدم تنظیموں سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب دہشت گردوں کی تازہ ترین تفصیلات شامل کی گئی ہیں

کراچی (رپورٹ محمد فیصل) کاؤنٹر ٹیرازم ہیڈ کوارٹر (سی ٹی ڈی) سندھ نے انتہائی مطلوب دہشت گردوں کی فہرست پر مبنی 'ریڈ بک' 10 واں ایڈیشن جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی ڈی سندھ کی جانب سے 203 سفلہات پر مشتمل ریڈ بک میں دہشت گردوں کے حوالے سے اہم معلومات مرتب کی گئی ہیں جس میں وہ دہشت گرد بھی شامل ہیں جن کے سروں کی قیمت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی میں پاکستان سٹیل ملز کی ایک ارب 42 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی اراضی واگزار

کراچی ڈویژن کی اس کامیاب کارروائی کو ریڈ سے اراضی کے تحفظ اور قبضہ مافیا کے خلاف جاری مہم کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا جارہا ہے، جس کے نتیجے میں قومی خزانے کے اربوں روپے مالیت کے اثاثے محفوظ بنائے گئے ہیں، ترجمان

ڈویژن نے شہر میں بڑا آپریشن کرکے ایک ارب 42 کروڑ روپے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

پی ٹی آئی میں اختلافات سنگین ہوگئے، سہیل آفریدی اور علی امین گنڈاپور میں تکرار

وزیراعلیٰ صاحب غداری اور وفاداری کے سرٹیفکیٹ بانٹنے کے اختیار کی آڑ نہیں، عمران خان کیساتھ تھوکون ہے اور کون نہیں باتوں سے نہیں عمل سے ثابت کریں، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا میں اختلاف کا معاملہ سنگین ہوگیا جہاں پارلیمانی گروپ کے واس اپ گروپ میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور سابق وزیراعلیٰ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

اسرائیل کو امریکی فوجی ٹیکنالوجی تک غیر معمول رسائی مل سکتی ہے، کانگریس میں نیا بل پیش

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی کانگریس میں پیش کیے گئے ایک نئے دفاعی بل نے امریکا اور اسرائیل کے فوجی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کی راہ ہموار کردی ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تحقیق، ہتھیاروں کی تیاری اور جدید فوجی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو غیر معمولی سطح تک بڑھایا جاسکتا ہے۔

فائج کا شکار سابق نیشن ویٹ لفٹر زیر علاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق انٹرنیشنل ویٹ لفٹر، انٹرنیشنل ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کے ٹیکنیکل آفیشل، پنجاب ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے صدر محمد زبیر یوسف بٹ فالج کے اٹیک کی وجہ سے شفا کی تلاش میں زیر علاج ہیں۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن اور پنجاب ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن نے دوست احباب سے محمد زبیر یوسف بٹ کی جلد صحت یابی کیلئے خصوصی دعاؤں کی اپیل کی ہے۔

انتہا پسندانہ پالیسیوں کے باعث افغان طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان طالبان رجیم بے عالمی انتہائی پسندانہ پالیسیوں کے باعث افغان طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار ہوگئی ہے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے الزامات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

سندھ کا سیاسی ماحول تبدیل ہورہا ہے، غیر فعال جماعتیں بھی متحرک ہورہی ہیں، ذوالفقار علی بھٹو جونیئر

ذوالفقار علی بھٹو جونیئر نے ریبڑی آمد کے موقع پر بندور جماعت سادرام کے انتقال پر تعزیت کی اور آنجہانی رہنما کی سماجی و عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ذوالفقار علی بھٹو جونیئر کا کہنا ہے کہ سندھ کا سیاسی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

عیدالاضحیٰ پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات پر بلدیاتی ملازمین کو مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن سندھ کے چیئرمین رسول بخش شاہانی، صدر سید ذوالفقار شاہ، جنرل سیکریٹری محمد اکرم راجپوت اور ڈپٹی جنرل سیکریٹری علی مہران شاہ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عید کے تینوں ایام میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے، مانیٹرنگ کرنے اور سولڈ ویسٹ انتظامیہ کی معاونت کرنے پر انہیں مبارکباد پیش کی۔

تلہار، شدید گرمی سے بچنے کے لئے اپنے گھر کی چھت پر سوئی ہوئی بچے چھت سے گر کر جاں بحق ہوگئی

تلہار (اسٹاف رپورٹر) شدید گرمی سے بچنے کے لئے اپنے گھر کی چھت پر سوئی ہوئی بچے چھت سے گر کر جاں بحق ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق تلہار کے وارڈ نمبر 03 خواجہ محلا کے رہائشی شہزاد خوہلی کی 8 سالہ بیٹی سکینہ خواجہ رات کو گھر کے وقت گھر کی چھت سے اچانک نیچے گر کر شدید زخمی ہوگئی، جس کو فوری طور پر سول اسپتال تلہار لایا گیا، جہاں سے حیدرآباد ریفر کردیا گیا۔

کراچی شدید ہیٹ ویو کی لپیٹ میں آگیا، پانی کی قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد شدید ہیٹ ویو کی لپیٹ میں آگیا ہے۔ شدید گرمی، طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، جبکہ پانی کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی عذاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

ایک جماعت کو روک کر دوسروں کو اجازت دینا سیاسی تفریق ہے، اسد قیصر

چینڈ اکبر کے ساتھ روا رکھا گیا سلوک افسوسناک تھا۔ گلگت بلتستان کے عوام اپنے ووٹ کا درست استعمال کریں اور ووٹ کی حفاظت بھی یقینی بنائیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کی رہائش گاہ پر عوام اور معززین کی عید ملاقاتیں

قصر ناصر دوبڑی میں عوام، معززشہریوں، مختلف وفود اور پارٹی کارکنان سے عید ملاقاتیں کیں، اس موقع پر آنیوالے مہمانوں نے عید کی دلی مبارکباد پیش کی، عید کے پرمسرت ماحول میں محبت، قربانی اور یکجہتی کے جذبات کا خوبصورت اظہار دیکھنے میں آیا

روہڑی (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید محمد حیدر شاہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ ملاقات کیلئے آنے والے لوگوں سے معانقہ کررہے ہیں

کراچی: رہنما ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر فاروق ستار، وسیم اختر، اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشید، دیگر مشترکہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

کراچی: سندھ کے سیاسی ماحول میں تبدیلی ہورہی ہے، غیر فعال جماعتیں بھی متحرک ہورہی ہیں، ذوالفقار علی بھٹو جونیئر

سکھر میں جے یو آئی سندھ کے زیر اہتمام اسلامی اسکالرز کنونشن کا آغاز

امن عالم اجتماع 2027 امت مسلمہ کے اتحاد اور امن کا پیغام لے کر آئے گا، علما کرام نے قرآن وسنت کی تعلیمات کو عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا

سکھر (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام سندھ کے زیر اہتمام اسلامی اسکالرز کنونشن کا آغاز ہوگیا ہے۔ سندھ بھر سے علما، خطبا، مبلغین اور شاعر اس کنونشن میں شریک ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

ہل پارک کی ایک انچ جگہ بھی کسی کو نہیں دی، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

میئر کراچی کا ہاکی پارک کے اطراف جاری تعمیراتی سرگرمیوں پر نوٹس

غیر قانونی تعمیرات پر تحقیقاتی کارروائی کا آغاز

عوامی شکایات پر کی جانے والی جانچ میں معلوم ہوا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے نہ کوئی الاٹمنٹ کی گئی ہے اور نہ ہی کسی قسم کی تعمیراتی اجازت جاری کی گئی ہے، ذرائع

کراچی (نمائندہ خصوصی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ہل پارک کے اطراف جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ترجمان بلدیہ عظمیٰ کراچی کے مطابق شکایت موصول ہونے پر میئر کراچی کی ہدایت کے تحت ایک ہنگامی تحقیقاتی کام کروایا گیا تھا۔ میئر کراچی کی ہدایت پر قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے محکمہ لینڈ کے تعمیراتی کام رکوانے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ عوامی شکایات پر کی جانے والی جانچ میں معلوم ہوا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے نہ کوئی الاٹمنٹ کی گئی ہے اور نہ ہی کسی قسم کی تعمیراتی اجازت جاری کی گئی ہے۔ غیر قانونی قیمے اور تجاوزات کی شکایات کے بعد محکمہ انسداد تجاوزات، محکمہ پارکس، محکمہ لائسنس اور محکمہ لینڈ کے افسران کو کارروائی کے لیے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ محکمہ لینڈ نے زمین کی ملکیت کی تصدیق کے لیے پی ایم سی کو باضابطہ مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ہل پارک کی ایک انچ جگہ بھی کسی کو نہیں دی جائے گی۔ میئر کراچی نے سرکاری اراضی پر غیر قانونی قیمے کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ میئر کراچی کا کہنا ہے کہ ہل پارک کی ایک انچ زمین بھی کسی کو نہیں دی جائے گی۔ ہل پارک میں پولیس کا نفری میں اضافہ کر کے ہل پارک کے ایم سی کی پارکنگ میں کیا گیا ہے۔ ترجمان بلدیہ عظمیٰ کراچی کے مطابق حالیہ شکایت موصول ہونے پر میئر کراچی کی ہدایت کے تحت ایک ہنگامی تحقیقاتی کام کروایا گیا تھا۔ میئر کراچی کی ہدایت پر قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے محکمہ لینڈ کے تعمیراتی کام رکوانے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ عوامی شکایات پر کی جانے والی جانچ میں معلوم ہوا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے نہ کوئی الاٹمنٹ کی گئی ہے اور نہ ہی کسی قسم کی تعمیراتی اجازت جاری کی گئی ہے۔ غیر قانونی قیمے اور تجاوزات کی شکایات کے بعد محکمہ انسداد تجاوزات، محکمہ پارکس، محکمہ لائسنس اور محکمہ لینڈ کے افسران کو کارروائی کے لیے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ محکمہ لینڈ نے زمین کی ملکیت کی تصدیق کے لیے پی ایم سی

عیدالاضحیٰ پر آلائشیں پھاڑنے والوں کیخلاف کمشنر کراچی کی ہدایت پر کریک ڈاؤن، 43 افراد گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں پھاڑنے اور صفائی کے نظام میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی ہدایات پر شہر بھر میں سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ صفائی انتظامیہ اور پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد افراد کے خلاف مقدمات درج کر کے 43 افراد کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ کمشنر کراچی کے مطابق شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے، جس کے تحت آلائشیں پھاڑنے، سڑکوں اور عوامی مقامات پر جانوروں کی باقیات پھینکنے اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جا رہی ہے۔ گلشن اقبال پولیس اسٹیشن میں آلائشیں پھاڑنے کے واقعات پر مقدمات درج کیے گئے جبکہ 7 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ شہر بھاد کے علاقے میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر 4 افراد کو حراست میں لے کر پولیس کے حوالے کیا گیا۔ ڈال کالونی میں بھی کارروائی کرتے ہوئے 4 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ کمشنر کراچی نے واضح کیا کہ آلائشیں پھاڑنا ایک سنگین جرم ہے کیونکہ اس کی سے مقیمین کو دمہ، ہیپاٹائٹس اور دیگر بیماریوں کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گزشتہ روز شہر کے مختلف تھانوں میں مقدمات درج کیے گئے جس میں مجموعی طور پر 43 گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں اور متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا۔ کمشنر کراچی نے خبردار کیا کہ جو بھی شخص قانون کی خلاف ورزی کرے گا بلا امتیاز سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ صفائی عملے کا خاص خیال رکھیں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

شمالی ناظم آباد کے سلگتے مسائل

بنیادی سہولیات کی محرومی اور ڈکیتی کا راج

تحریر: سید اسد عباس، طالبعلم سندھ مدرسۃ اسلام یونیورسٹی

کراچی کا معروف اور گنجان آباد علاقہ شمالی ناظم آباد بارہ دنوں شدید انتظامی اور سماجی مسائل کا گڑھ بن چکا ہے۔ یہاں کے رہائشی بنیادی انسانی سہولیات سے محروم اور سیکیورٹی کے شدید خدشات کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی ایک مستقل عذاب بن کر رہ گئی ہے اور ان کے مالی و ذہنی سکون کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ شمالی ناظم آباد کے رہائشی کو درپیش چند بڑے اور سنگین مسائل درج ذیل ہیں:

1۔ غالی کا شدید عذاب اور فنگر مافیا کا راج

علاقے کا سب سے بڑا اور بدترین مسئلہ پانی کی عدم دستیابی ہے۔ بیشتر بلاکس میں لائن کا پانی نہ ہونے کے برابر ہے، جس کی وجہ سے عوام کو مہنگے داموں واٹر ٹینکر منگوانے پڑتے ہیں۔ ایک ایسے دور میں جہاں مہنگائی پہلے ہی آسمان کو چھو رہی ہے، متوسط اور غریب طبقے کے لیے پانی جیسے بنیادی حق کے لیے ہزاروں روپے کے اضافی اخراجات برداشت کرنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی غفلت کا خمیازہ انہیں بھگتنا پڑ رہا ہے۔

2۔ گیس کی لوڈشیڈنگ اور بھاری بل، پی ٹی سی کا بوجھ

پانی کے ساتھ ساتھ حکومتی گیس کی لوڈشیڈنگ نے بھی شہریوں کا جینا محال کر رکھا ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کی جانب سے کئی علاقوں میں صرف چند گھنٹوں کے لیے، وہ بھی غیر مقررہ اوقات میں، انتہائی کم پریشر کے ساتھ گیس فراہم کی جاتی ہے۔ اس صورتحال کی وجہ سے ملازمت پیشہ افراد اور گھریلو خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کھانا پکانے کے لیے لوگ اب مجبوراً پی ٹی سی (LPG) سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں، جس کی قیمت 450 روپے فی کلو تک پہنچ چکی ہے، جو عام آدمی کی جیب پر کھلے اور بڑا ڈاکہ ہے۔

3۔ اسٹریٹ کرائم اور ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں (یہاں سے سنئے)

بنیادی سہولیات کی کمی کے ساتھ ساتھ شمالی ناظم آباد میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور ڈکیتی و چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتیں، رہائشیوں کیلئے سب سے بڑا ذہنی اذیت بن چکی ہیں۔ ہفتہ کے روز شہریوں کو گن پوائنٹ پر موبائل فون، نقدی اور گاڑیوں سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ بڑھتی ہوئی وارداتوں کے پیش نظر ان دنوں پیدل چلنے والے شہریوں کی حفاظت غیر محفوظ ہو چکی ہے۔ اسٹریٹ کرائم اور ڈکیتی کے بے خوف گھومنے والے مجرم بے خوف ہیں اور اس کی فضا قائم ہے۔ مقامی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اسٹریٹ کرائم پر قابو پانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام نظر آتے ہیں۔

حرف آخر اور مطالبہ:

شمالی ناظم آباد کے غیور شہریوں نے حکومت سندھ، سندھ پولیس اور متعلقہ اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس گھمبیر صورتحال کا فوری نوٹس لیں۔ پانی اور گیس کی باقاعدہ فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ علاقے میں پولیس چوکیاں بڑھائی جائیں تاکہ شہریوں کو اسٹریٹ کرائم کے جرم و کریم پر بند چھڑوایا جا سکے۔ اگر اب بھی بروقت اور ٹھوس اقدامات نہ کیے گئے، تو عوامی مایوسی اور مشکلات میں مزید اضافہ ہونا کوئی بڑے احتجاج کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔

منگھوپیر پولیس کی کارروائی، حب کینال میں نہانے پر پابندی کی خلاف ورزی کرنیوالے 35 افراد گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) منگھوپیر پولیس نے کشمیر چوک کینال اور نہر میں نہانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والے 35 افراد کو گرفتار کر کر لیا ہے۔ کشمیر کراچی کے نہر میں نہانے پر پابندی عائد ہونے کے باوجود 4 جون تک پابندی عائد کی تھی۔ ایس ایچ او منگھوپیر راجا ذوالفقار نے نہر میں نہانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والے 35 افراد کو گرفتار کر کے دفعہ 188 کے تحت مقدمہ درج کر دیا ہے۔ ایس ایچ او راجا ذوالفقار کا کہنا ہے کہ شہریوں کو شہری جانب جانے اور نہانے سے منع کیا گیا ہے۔ کشمیر کراچی کے اہلکاروں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

کراچی کی طرف سے عائد کردہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والے

کے الیکٹرک کی مین کیبل میں فالٹ، نارتھ ایسٹ کراچی پیپنگ اسٹیشن کی بجلی معطل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے نارتھ ایسٹ کراچی پمپنگ اسٹیشن میں 31 مئی 2026 کو دوپہر 3:27 بجے کے الیکٹرک کی جانب سے فراہم کی جانے والی بجلی اچانک منقطع ہو گئی، جس کے باعث 11-K پمپنگ اسٹیشن کی سرکیولیشن متاثر ہو گئی اور شہر کو پانی کی فراہمی کا نظام جزوی طور پر متاثر ہوا۔ واقعے کے فوراً بعد کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے رابطہ کرنے پر کے الیکٹرک کی تکنیکی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران کے الیکٹرک حکام نے تصدیق کی کہ 11-K پمپنگ اسٹیشن کو بجلی فراہم کرنے والی مین کیبل میں فالٹ پیدا ہونے کے باعث بجلی کی فراہمی منقطع ہوئی۔ کے الیکٹرک کی اس تکنیکی خرابی کے نتیجے میں کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کو بجلی بنیادوں پر متبادل انتظامات کرنا پڑے۔ بعد ازاں 11-K پمپنگ اسٹیشن کو سہ پہر 5:50 بجے بحالی کی فراہمی جزوی طور پر بحال کر دی گئی۔ تاہم محدود برقی استعداد کے باعث پمپنگ آپریشن مکمل طور پر بحال نہیں ہو سکا، کے الیکٹرک کی مین کیبل میں پیدا ہونے والے فالٹ کے باعث شہر کو یومیہ 54 ملین گیلن (54MGD) پانی کی کمی کا سامنا ہے۔ اگر فالٹ کو فوری طور پر مکمل بنیادوں پر دور نہ کیا گیا تو پانی کی فراہمی میں مزید کمی کا خدشہ ہے، جس کے اثرات شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی ترسیل کے شیڈول پر مرتب ہو سکتے ہیں۔

بلال کالونی میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) تھانہ بلال کالونی کی حدود میکلوڈ روڈ پر پولیس مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کو دیکھ کر موٹر سائیکل سوار مشتبہ افراد نے فائرنگ کر دی، جوابی کارروائی میں ایک ملزم زخمی ہوا۔ زخمی گرفتار ملزم کی شناخت عاقب ولد مسلم کے نام سے ہوئی ہے۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول اور 3 زندہ راؤنڈ برآمد کر لیے گئے۔ ملزم کا ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہو گیا۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے جناح سپتال منتقل کر دیا گیا۔ شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار ملزم کا مکمل بیان ریکارڈ کیا جا رہا ہے جبکہ مزید گرفتاری کا کارروائی جاری ہے۔

عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات سستی، حکومت عوام کو مزید ریلیف دے، بلال عباس قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی پر اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بڑا ریلیف فراہم کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف سڑی اخراجات تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے باعث اشیائے خوردونوش، ادویات، ٹرانسپورٹ بھاڑا اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایسے میں کمی بیشی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے اور عوام مہنگائی کے ایک بڑے بحران میں پھنس چکی ہے۔ صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری کا کہنا تھا کہ حب علی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونے پر حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس کا فائدہ عوام تک منتقل کرے تاکہ عوام کو ریلیف ملے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کمی کے باوجود مقامی سطح پر قیمتوں میں خاطر خواہ کمی نہ کی جانے کا عوام میں مایوسی اور بے چینی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کرے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ اس کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ملک کے عوام شدید مہنگائی، روزگاری اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں لہٰذا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کر کے عوام کو بڑا ریلیف فراہم کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف سڑی اخراجات تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے باعث اشیائے خوردونوش، ادویات، ٹرانسپورٹ بھاڑا اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایسے میں کمی بیشی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے اور عوام مہنگائی کے ایک بڑے بحران میں پھنس چکی ہے۔ صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری کا کہنا تھا کہ حب علی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونے پر حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس کا فائدہ عوام تک منتقل کرے تاکہ عوام کو ریلیف ملے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کمی کے باوجود مقامی سطح پر قیمتوں میں خاطر خواہ کمی نہ کی جانے کا عوام میں مایوسی اور بے چینی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت عوام کو مزید ریلیف دے، بلال عباس قادری

گلستان جوہر پولیس نے شہری سے ڈکیتی کرنے والے ملزم کو بروقت گرفتار کر لیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایسٹ کے علاقہ گلستان جوہر پولیس نے ایک شہری سے ڈکیتی کرنے والے ملزم کو بروقت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران ولد جمعہ گل کو گرفتار کیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک عدد 30 بور پسٹل، ایوینٹس اور ایک موٹر سائیکل برآمد ہوا۔ برآمدہ موٹر سائیکل نمبر پی ڈی ایم 2869 مزید بھتی کے علاقے سے سرقہ کی تھی۔ ملزمان کے خلاف ضابطے کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزم کا ساتھی ملزم کی تلاش جاری ہے۔

کا ساتھی جرمانہ ریکارڈ پیک کیا جا رہا ہے، جبکہ فرار

کورنگی پولیس کی اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف کامیاب کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) کورنگی پولیس کے اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے لوٹ ماری وارداتوں میں ملوث دو ملزمان کو زیادہ وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان لانڈھی، کورنگی، انڈسٹریل ایریا سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں وارداتیں کرتے تھے۔ ملزمان کے خلاف چوری، ڈکیتی، گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں دلدار اور حمزہ شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے 100 سے زائد وارداتوں کا اعتراف کیا ہے۔ ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے تھانہ کورنگی منتقل کر دیا گیا ہے۔

جماعت اسلامی کے بلدیہ عظمیٰ کے اپوزیشن لیڈر سیف الدین میئر کراچی پر سیاسی ضربیں لگانے سے باز رہیں، امام بخش ڈوکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے اپوزیشن لیڈر سیف الدین لیڈو کیف میئر کراچی اور ڈپٹی میئر کراچی کے بلدیاتی مسائل کی کارکردگی پر سیاسی ضربیں لگانا اب بند کریں کیونکہ انہیں شاہراہوں کا ٹوٹا سڑک ٹھرتا ہے جو کہاں کی نظروں اور ان کی جھرانوالی سرحدوں کا دھوکہ ہے جو وہ اشاری بتاتے ہیں، دیگر اس کراچی کے لاکھوں افراد کو بیوقوف بنا رہے ہیں شاہراہ بھٹو کے ٹوٹا پھوٹا کراچی کی اس طرح سے ملا دیا ہے جیسے برسوں کے بچھڑے ہوئے دوست دوبارہ ملنے پر گلے ہو کر چھوڑ دو اگلے دوسرے سے جدا کرتے ہیں شاہراہ بھٹو نے کراچی کی خواہش دوریوں کو قربتوں میں بدل دیا ہے اس خیالات کا اظہار اپوزیشن لیڈر 07 ہزار ٹاؤن شپ گلشن کے رکن میئر امام بخش ڈوکی نے اپنے دفتر میں موجود پرنٹ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میئر کراچی نے جماعت اسلامی اور تمام اتحادی جماعتوں کے نائب میئر شپ کو اور بلدیہ کے ہر ایک ممبر کو ایک ایک کروڑ روپے کے فنڈز جاری کر دیئے ہیں تاکہ وہ کراچی کے بلدیاتی مسائل اور انفرا اسٹرکچر کو جلد مکمل کر سکیں امام بخش ڈوکی نے کہا کہ ڈاؤن میئر میں یوسی چیئرمین کو فنڈز جاری نہ کرنے کا ہماری ایسمبلی نہ ہونے اور گلوں نے حقوق غصب کر رکھے ہیں انہوں نے کہا کہ کوینز کی ٹاؤن بلاک سے بلیک تختے پر جیسے یوسی چیئرمین کی ہی مل کر رہا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی تاریخ میں پہلی بار جماعت اسلامی کے تین ڈوں میں امام بخش ڈوکی نے اپنے دفتر میں موجود پرنٹ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم کراچی کے جماعت اسلامی اور تمام اتحادی جماعتوں کے نائب میئر شپ کو اور بلدیہ کے ہر ممبر کو ایک ایک کروڑ روپے کے فنڈز جاری کر دیئے ہیں تاکہ وہ کراچی کے بلدیاتی مسائل اور انفرا اسٹرکچر کو جلد مکمل کر سکیں امام بخش ڈوکی نے کہا کہ ڈاؤن چیئرمین یوسی چیئرمین کو فنڈز کراچی کے ہماری ایسمبلی نہ ہونے اور گلوں نے حقوق غصب کر رکھے ہیں انہوں نے کہا کہ کوینز کی ٹاؤن بلاک سے بلیک تختے پر جیسے یوسی چیئرمین کی ہی مل کر رہا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی تاریخ میں پہلی بار جماعت اسلامی کے تین ڈوں میں امام بخش ڈوکی نے اپنے دفتر میں موجود پرنٹ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم کراچی کے جماعت اسلامی اور تمام اتحادی جماعتوں کے نائب میئر شپ کو اور بلدیہ کے ہر ممبر کو ایک ایک کروڑ روپے کے فنڈز جاری کر دیئے ہیں تاکہ وہ کراچی کے بلدیاتی مسائل اور انفرا اسٹرکچر کو جلد مکمل کر سکیں امام بخش ڈوکی نے کہا کہ ڈاؤن چیئرمین یوسی چیئرمین کو فنڈز کراچی کے ہماری ایسمبلی نہ ہونے اور گلوں نے حقوق غصب کر رکھے ہیں انہوں نے کہا کہ کوینز کی ٹاؤن بلاک سے بلیک تختے پر جیسے یوسی چیئرمین کو ہی مل کر رہا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی تاریخ میں پہلی بار جماعت اسلامی کے تین ڈوں میں امام بخش ڈوکی نے اپنے دفتر میں موجود پرنٹ

سندھ کے آئندہ بجٹ میں کم از کم اجرت میں اضافے اور محنت کشوں کے لیے ریلیف اقدامات زیر غور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ کے ترجمان سکھمد لوہنگانا نے کہا ہے کہ سندھ حکومت آئندہ مالی بجٹ میں محنت کشوں، ہم آہنگ والے خاندانوں اور مزاحمت کے دیگر کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مطابق عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا سندھ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اسی مقصد کے تحت مالی نظم و نسق برقرار رکھتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کم از کم اجرت اور دیگر ریلیف اقدامات سے متعلق مختلف تجاویز زیر غور ہیں، جبکہ حتمی فیصلہ صوبے کی مالی حیثیت کا تفصیلی جائزہ لینے اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔ سکھمد لوہنگانا نے کہا کہ سندھ ہمیشہ محروموں کے حقوق اور فلاح و بہبود کے تحفظ میں ملک بھر میں نمایاں کردار ادا کرتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2008 سے اب تک کم از کم اجرت 6 ہزار روپے سے بڑھا کر 40 ہزار روپے تک کی جا چکی ہے، جبکہ سندھ واحد صوبہ ہے جہاں مسلسل چھ مرتبہ کم از کم اجرت میں اضافہ کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے گزورد اور کمزور طبقات کی بہبود سے وابستہ مشن کے تحفظ کے لیے بھی متوازن سازی کی ہے۔ اس سلسلے میں سندھ آسیلی نے حال ہی میں گھریلو ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے بل منظور کیا ہے، جس کے ذریعے گھریلو ملازمین کو پہلی بار باقاعدہ قانونی تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ اس قانون کے تحت کام کے اوقات، آرام کے وقفوں اور بہتر کام کے ماحول سے متعلق حقوق کو یقینی بنایا گیا ہے، جبکہ گھریلو ملازمت میں بچوں کی ملازمت پر پابندی عائد کرتے ہوئے گھریلو ملازمین کے وقار، تحفظ اور فلاح کو مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔ سکھمد لوہنگانا نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ محنت کشوں، مزدوروں اور مزاحمت کے ہمہ نامہ طبقات کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیر مالی سندھ سید مراد علی شاہ کی قیادت میں سندھ حکومت آئندہ بھی اپنی عوام دوست پالیسیوں پر عمل پیرا رہے گی جن کا مقصد مزدوروں کے حقوق کا تحفظ، معیار زندگی میں بہتری اور جامع مشاورتی فکر کو فروغ دینا ہے۔

نارتھ ایسٹ کراچی میں پانی کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاج جاری، ہم شاہراہ پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نارتھ کراچی میں پانی کی عدم فراہمی کے خلاف علاقہ مکینوں کا احتجاج جاری ہے۔ احتجاج کے باعث اہم شاہراہ پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی ہے اور گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئی ہیں، جس سے شہریوں کا شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ کئی روز سے گھروں میں پانی نہیں آ رہا ہے، بل بھی اور بجلی بھی غائب ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پانی کی سپلائی تک احتجاج جاری رہے گا۔ مظاہرین کا موقف ہے کہ وہ پولیس دیتے ہیں کہ سپلائی نہیں ملتی۔ شہریوں نے پانی کی فوری فراہمی اور مسائل کے حل کا مطالبہ کیا ہے۔ انتظامیہ کے خلاف شدید غصہ ہے۔ بازی کی چارجی ہے اور عوام کو صبر جواب دے گیا

والدین کی خدمت واطاعت دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے، انجینئر منور حمید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی یوم والدین کے موقع پر دی آئیڈیاز اسکولز سسٹم، الحمیہ سیکنڈری اسکول اور کراچی پبلاینٹ اسکولز فیڈریشن کے چیئرمین انجینئر منور حمید نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ والدین اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور انسان کے لیے دنیا کا سب سے بڑا سہارا ہیں۔ والدین کی خدمت، اطاعت، احترام اور ان کے ساتھ حسن سلوک نہ صرف دنیاوی کامیابی کا ذریعہ ہے بلکہ آخرت میں نجات اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ انجینئر منور حمید نے قرآن مجید سے متعدد مقامات پر اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کے ساتھ والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ والدین کے ساتھ احسان کرو اور ان کے سامنے اف تک نہ کہو۔ یہ حکم اب کے واضح دلیل ہے کہ اسلام والدین کی عزت، تکریم اور خدمت کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔

اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کی کامیاب کارروائی، بین الصوبائی بوکا گینگ گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل سی آئی اے نے 23 مئی 2026 کو ہوا کم پیٹرول پر مبنی کارروائی کر کے بین الصوبائی بوکا گینگ کے 4 ارکان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں پاکستان سنی تحریک کے عناصر کے ساتھ مقابلے کے دوران بین الصوبائی بوکا گینگ کا کارپائی سے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم سے چوری کے 4 شہری انتظامات میں خلل ڈالنے کی کوشش کرے گا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ صفائی عملے کا خاص خیال رکھیں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بین الصوبائی بوکا گینگ گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کی ٹیم نے کیماڑی، ڈیرہ غازی خان اور کراچی میں درج متعدد سنگین مقدمات میں مطلوب ہے۔

نارتھ کراچی میں پانی کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاج، ہم شاہراہ پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نارتھ کراچی میں پانی کی عدم فراہمی کے خلاف علاقہ مکینوں کا احتجاج جاری ہے۔ احتجاج کے باعث اہم شاہراہ پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی ہے اور گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئی ہیں، جس سے شہریوں کا شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ کئی روز سے گھروں میں پانی نہیں آ رہا ہے، بل بھی اور بجلی بھی غائب ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پانی کی سپلائی تک احتجاج جاری رہے گا۔ مظاہرین کا موقف ہے کہ وہ پولیس دیتے ہیں کہ سپلائی نہیں ملتی۔ شہریوں نے پانی کی فوری فراہمی اور مسائل کے حل کا مطالبہ کیا ہے۔ انتظامیہ کے خلاف شدید غصہ ہے۔ بازی کی چارجی ہے اور عوام کو صبر جواب دے گیا ہے۔ نارتھ کراچی میں پانی کا بحران سنگین ہو چکا ہے اور مکین سراپا احتجاج ہیں۔

فلم زومبیڈ نے جین زی کے دل جیت لیے، سائیکو نے بھی خوب رنگ جمایا

کراچی (شوبز نیوز) سال 2026 میں عیدالاضحیٰ پر شاندار فلمیں ریلیز کی گئیں، سپر اسٹار شدید اضافہ کر دیا ہے۔ خواتین کی زومبیڈ اور سپر اسٹار شان شاہد اور میرا

بقیہ روزنامہ تشکر 1

نے پیڈرول اور لیزل کی قیمتوں میں بڑی کمی کردی۔ وزیراعظم اس کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا کہ پیٹرول اور لیزل کی قیمت میں 22، 22 روپے کی کمی کی گئی کا فیصلہ کیا گیا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف کی معروف صحافی مرحوم الطاف حسن قریشی کی وفات پر گہرے افسوس اور افاقہ کے لیے ان کے گھر آمد۔ وزیراعظم نے مرحوم الطاف حسن قریشی کے بیٹے کامران حسن قریشی اور بیٹی کریمہ مظہر سے تعزیت کی۔ مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کیلئے دعا کی۔ وزیراعظم نے الطاف حسن قریشی کی صحافتی خدمات کو سراہا۔ مرحوم الطاف حسن قریشی کے انسان اور صحافی دونوں کے مرتبے کو وفات سے صحافت میں ایک بڑا خلا قرار دیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

عسکری عزائم میں ناکامی کا اعتراف ہے، بالادوروں پر ڈرون حملے کیے جاتے ہیں، مزید کہا کہ امریکا کو خطے میں امن کی کوشش کرنی چاہیے، خطے میں جاری آری جیف کی جانب سے سندرو کا بیان اس وقت آیا ہے جب بھارت میں مودی حکومت کی جانب سے پاکستان کے خلاف آذان بلند ہورہی ہیں۔ بھارتی حکومت پر بڑھتے ہوئے سیاسی، معاشی اور معاشرتی دباؤ پاکستان مخالف بیانیہ بنانے کا موجب بن رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

بلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اچاز حسنی کے مطابق چاچا چاند 2026ء 26 پاکستانی وقت کے مطابق صبح 07 بج کر 45 منٹ پر پیدا ہوگا۔ تاہم اس وقت کراچی میں 06 گھنٹوں سے کم 48 منٹ کے زائد غروب شمس بھی جاری ہے۔ ہلال کے دیدار کے لیے مغرب کی جانب دیکھنا ہوگا۔ غروب شمس اور غروب قمر کے درمیان وقت بھی زیادہ رہنے جارہا ہے۔ ہلال کو 15 جون کو غروب شمس کے بعد 37 منٹ تک پشاور میں 42 منٹ ہوگا، تاہم چاند کی عمر کے باعث رویت کے امکانات موجود نہیں ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کیے اور آگرے سے ہوتے ہوئے دہلی تشریف لے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان غیر متوقع پیش رفت اور حقیقی دوستی قوی ہوتی جارہی ہے جو خیر سے ہمارے لیے بھی اچھا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں بہتری اس چیز سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ برس اسرائیل اور پاکستان کے درمیان کشیدگی ختم کرنے میں اہم کردار ادا کیا جو عالاوت ہے اور اس کا تاج قائد کرنے میں مدد فراہم کی گئی۔ پاکستان اور امریکا کے درمیان اس وقت اسلام آباد اور دوشنبہ میں ممالک کے درمیان تعلقات میں بہتری اس چیز سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ برس جب اسرائیل اور پاکستان کے درمیان کشیدگی ختم کرنے کے لیے کردار ادا کیا تھا تو اس وقت کہا گیا تھا کہ دونوں ممالک ایک دوسرے سے اسلحہ خریدنے کی بات کر رہے ہیں، ہوسکتا ہے ان سے چند ارب ڈالر کا اسلحہ خریدنا ہو، ہوسکتا ہے ان سے چند ممالک خطرہ محسوس کررہے ہیں، ہوسکتا ہے ان سے چند ممالک کو کوئی خطرہ لاحق ہو، ہوسکتا ہے ان سے چند ممالک جو بری طاقت بڑھنا چاہتی ہیں کہ ان کا ہتھیار کم ہو، اس موقع پر کسی بھی ملک پر اتنا بھی اتنا ممالک جو بری طاقت بڑھنا چاہتی ہیں کہ ان کا ہتھیار کم ہو، اس موقع پر کسی بھی ملک پر اتنا بھی اتنا ممالک جو بری طاقت بڑھنا چاہتی ہیں کہ ان کا ہتھیار کم ہو، اس موقع پر کسی بھی ملک پر اتنا بھی اتنا

بقیہ روزنامہ تشکر 5

ہوگئے ہیں کہ ہم اپنا اسلحہ بیچنا شروع کردیں، اس موقع پر